[TO BE INTRODUCED IN THE NATIONAL ASSEMBLY]

A

BILL

further to amend the Pakistan Rangers Ordinance, 1959

WHEREAS it is expedient further to amend to the Pakistan Rangers Ordinance, 1959 (W.P Ordinance No.XIV of 1959), for the purposes hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follows:-

1. **Short title and commencement.**– 1) This Act shall be called the Pakistan Rangers (Amendment) Act, 2021.

(2) It shall come into force at once.

2. **Amendment of section 21, W.P Ordinance XIV of 1959.**- In the Pakistan Rangers Ordinance, 1959 (W.P. Ordinance XIV of 1959), in section 21, in sub-section (2),-

(i) in clause (c), the word "and" at the end shall be omitted;

(ii) in clause (d), for full stop at the end, a semi-colon and the word "and" shall be substituted; and

(iii) after clause (d), amended as aforesaid, the following new clause shall be added, namely:-

"(e) to prescribing the manner to operate all kinds of fund to regulate the operational and welfare matters of the Force and any other aspect related to operations, administrations and management of the Force with prior consultation with Finance Division and subject to the provision of the Public Finance Management Act, 2019 and the rules thereunder."

STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

The Rules for Operating Regimental Fund for Welfare of Pakistan Rangers troops have been prepared in line with the directions of Public Accounts Committee, to evolve a standard and transparent system to incur expenditures under this Fund.

2. However, before making these rules operational, certain enabling clauses are required to be incorporated in the Pakistan Rangers Ordinance, 1959 (West Pakistan Ordinance XIV of 1959) to confer the powers upon the Federal Government to make the rules to operate the Regimental Fund for welfare of Pakistan Rangers troops. Accordingly, the enabling amendments in the Pakistan Rangers Ordinance, 1959 (West Pakistan Ordinance XIV of 1959) are being introduced to make the Rules for operating the Regimental Fund for welfare of the force and to comply with the Public Finance Management Act, 2019 (amended upto 30th June, 2020).

3. Therefore, the bill in consultation with Ministry of Law & Justice is hereby submitted to amend the Pakistan Rangers Ordinance, 1959 (West Pakistan Ordinance XIV of 1959) [The Pakistan Rangers (Amendment) Bill, 2021] to regularize the maintenance and operation of Regimental Fund of the Force.

(Sheikh Rashid Ahmed)
Minister for Interior

[قومی اسمبلی میں پیش کرنے کے لئے]

پاکستان رینجرز آرڈیننس، ۱۹۵۹ء میں
مزید ترمیم کرنے کا بل

ہرگاہ کہ یہ قرین مصلحت ہے کہ پاکستان رینجرز آرڈیننس، ۱۹۵۹ء (مغربی پاکستان آرڈیننس نمبر ۱۴ مجریہ ۱۹۵۹ء) میں بعدازیں ظاہر ہونے والی اغراض کے لئے، مزید ترمیم کی جائے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ:۔** (۱) یہ ایکٹ پاکستان رینجرز (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۱ء کے نام سے موسوم گا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **مغربی پاکستان آرڈیننس ۱۴ مجریہ ۱۹۵۹ء کی، دفعہ ۲۱ کی ترمیم:۔** پاکستان رینجرز آرڈیننس، ۱۹۵۹ء (مغربی پاکستان آرڈیننس ۱۴ مجریہ ۱۹۵۹) میں، دفعہ ۲۱ میں، ذیلی دفعہ (۲) میں،۔

(اول) شق (ج) میں آخر پر لفظ ''اور'' کو حذف کردیا جائے گا؛

(دوم) شق (د) میں آخر پر ختمہ، وقفہ اور لفظ ''اور'' سے تبدیل کر دیا جائے گا؛ اور

(سوم) مذکورہ بالا طور پر ترمیم کردہ، شق (د) کے بعد، حسب ذیل نئی شق کا اضافہ کر دیا جائے گا، یعنی:۔

''(ہ) فورس کی بہبود اور آپریشنل اُمور اور فورس کے آپریشنز، انتظام و انصرام سے متعلق دیگر کسی بھی پہلو کو منضبط کرنے کے لئے خزانہ ڈویژن کی پیشگی مشاورت سے اور پبلک فنانس مینجمنٹ ایکٹ، ۲۰۱۹ء کے احکام اور اس کے تحت قواعد کے تابع تمام اقسام کے فنڈ کو بروئے کار لانے کے لئے طریقہ کار مقرر کرنا۔''

بیان اغراض ووجوہ

پاکستان رینجرز ٹروپس کی بہبود کے لئے رجمنٹل فنڈ کو بروئے کار لانے کے لئے اس فنڈ کے تحت آنے والے اخراجات کے لئے ایک شفاف اور معیاری نظام کو مرتب کرنے کے لئے پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کی ہدایات کے مطابق قواعد تیار کئے گئے ہیں۔

۲۔ تاہم، ان قواعد کو قابل عمل بنانے سے قبل پاکستان رینجرز آرڈیننس، ۱۹۵۹ء (مغربی پاکستان آرڈیننس ۱۴ مجریہ ۱۹۵۹ء) میں وفاقی حکومت کو پاکستان رینجرز ٹروپس کی بہبود کے لئے رجمنٹل فنڈ کو بروئے کار لانے کے لئے قواعد وضع کرنے کا اختیار عطا کرنے کے لئے چند عطائے اختیار کی شقات شامل کرنے کی ضرورت ہے، چنانچہ پاکستان رینجرز آرڈیننس، ۱۹۵۹ء (مغربی پاکستان آرڈیننس ۱۴ مجریہ ۱۹۵۹ء) میں فورس کی بہبود کے لئے رجمنٹل فنڈ کو بروئے کار لانے کے لئے اور پبلک فنانس مینجمنٹ ایکٹ، ۲۰۱۹ء (۳۰ جون، ۲۰۲۰ء تک ترمیم شدہ) کی تعمیل کے لئے عطائے اختیار کی ترمیمات متعارف کرائی جارہی ہیں۔

لہٰذا، وزارت قانون وانصاف کی مشاورت سے یہ بل پاکستان رینجرز آرڈیننس، ۱۹۵۹ء (مغربی پاکستان آرڈیننس ۱۴ مجریہ ۱۹۵۹ء) [پاکستان رینجرز (ترمیمی) بل، ۲۰۲۱ء] میں فورس کے رجمنٹل فنڈ کو بروئے کار لانے اور برقرار رکھنے کو منضبط کرنے کی بابت ترمیم کرنے کی بابت پیش کیا جارہا ہے۔

(شیخ رشید احمد)

وزیر داخلہ